dastak

بنیادی قانونی راہ نمائی

آسان مرحلہ وار اقدام

DASTAK CHARITABLE TRUST

تشدد کیا ہے؟

تشدد سے مراد کسی دوسرے شخص کے خلاف طاقت کا ایسا استعمال ہے جو متاثرہ شخص کو جسمانی، ذہنی، نفسیاتی یا مالی طور متاثر کرے۔ اس میں گھریلو تشدد، جنسی تشدد، نفسیاتی بدسلوکی، مالی بدسلوکی، اور ذہنی ازیت وہراساں کرنا شامل ہے۔

تشدد سے خواتین کے تحفظ کے لیے قومی اور صوبائی سطح پر ایک قانون سازی کی گئی ہے اور صوبہ پنجاب میں خواتین پر تشدد کرنے کیلیے 2016 میں ایک قانون بنا۔ اس قانون میں تشدد کی تعریف یہ ہے :

" تشدد سے مراد ایسا جرم جو انسانی جسم کو متاثر کرے۔ اس میں گھریلو تشدد، جنسی تشدد، نفسیاتی بدسلوکی، مالی بدسلوکی، اور ذہنی ازیت وہراساں کرنا شامل ہے۔ ایسے جرائم میں ملزم کی مدد کرنا بھی جرم ہے۔ یاد رہے کہ اس قانون کے علاوہ تشدد کی مختلف اقسام تعزیرات پاکستان کے تحت بھی جرم کے زمرے میں آتی ہیں اور ان کے خلاف فوجداری قوانین موجود ہیں۔"

صنفی تشدد کیا ہے؟

صنفی تشدد سے مراد ایسا تشدد ہے جو کسی خاص صنف پر کمزور ہونے کی وجہ سے کیا گیا ہے۔

عموماً اس تشدد سے خواتین ہی متاثر ہوتیں ہیں۔ اس تشدد میں گھریلو تشدد، جنسی تشدد، نفسیاتی بدسلوکی، مالی بدسلوکی، اور ذہنی ازیت وہراساں کرنا شامل ہے۔

صنفی تشدد کی صورت میں مدد کے مراحل

پہلا مرحلہ

۱) فوری اطلاع : صنفی تشدد کی صورت میں پولیس کی ہیلپ لائن 15 پر واقعہ کی فوری اطلاع دیں۔ یا نزدیکی تھانے سے رابطہ کریں۔

۲) درخواست زبانی یا تحریری ہو سکتی ہے۔ اگر تھانے میں سنیئر افسر موجود نہ ہو تو ایسی درخواست فرنٹ ڈیسک اُفسر سے رابطہ کر کے دی جا سکتی ہے۔

۳) اگر پولیس افسر آپ کی درخواست پر قانونی کاروائی نہیں کر رہا تو آئی جی پنجاب کی ہیلپ لائن 8787 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

۴) اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو پنجاب کمیشن برائے خواتین PCSW کی ہیلپ لائن 1043 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

۵) اگر خاتون کو مفت قانونی مدد یا پناہ کی ضرورت ہو تو وہ دستک چیرٹیبل ٹرسٹ کی ہیلپ لائن 03334161610 پر رابطہ کر سکتی ہے۔

دوسرا مرحلہ

۱) ایف آئی آر کا اندراج اور ضروری طبی معائنہ :

اگر صنفی تشدد کی وجہ سے خاتون جسمانی چوٹ یا جنسی تشدد کا شکار ہوئی ہے تو اسے فوری طبی قانونی ملاحظہ کروانا ضروری ہے۔ تا کہ اس طبی و قانونی رپورٹ کے مطابق اس وقوعہ کی ایف آئی آر کا اندراج ہو سکے۔ یہ یاد رہے کہ فوری طبی و قانونی ملاحظہ ہی کیس کو مضبوط بناتا ہے :

۲) وقوعہ سے متعلق شہادتوں کو محفوظ کرنا۔

صنفی تشدد کی صورت میں خاتون کے بیان کے ساتھ اس سے متعلقہ شہادتیں بھی تفتیشی افسر کو مہیا کرنا ضروری ہیں۔ مثال کے طور پر متاثرہ خاتون کے کپڑے وغیرہ۔ اس کے علاوہ اگر کوئی دیگر نقصان بھی ہوا ہے تو اس کی تفصیل بھی اپنی درخواست میں درج کروائیں تا کہ درخواست مکمل ہو۔

۳) پولیس اُفسر کے عدم تعاون کی صورت میں پولیس کے اعلیٰ اُفیسر SP/DSP متعلقہ پولیس اُفیسر کے متعلق تحریری درخواست دی جا سکتی ہے یا تبدیلی تفتیش / کاروائی کیلئے SSP(Investigation) کو درخواست دی جا سکتی ہے۔

۴) 8787 پر فون کر کے رپورٹ درج کروائیں۔

۵) وکیل سے راہنمائی لے کر قانونی کاروائی کی جا سکتی ہے۔

تیسرا مرحلہ

۱) طبی قانونی ملاحظہ اور ایف آئی آر کی نقول حاصل کرنا۔

۲) وقوعہ سے متعلق طبی قانونی ملاحظہ اور ایف آئی آر کی نقول حاصلکر کے اس بات کی تسلی کر لیں کہ یہ آپ کی شکایت کے عین مطابق ہے۔

اگر آپ طبی قانونی ملاحظہ یا ایف ائی آر سے مطمئن نہ ہوں تو وکیل سے رابطہ کر کے قانونی کاروائی کی جاسکتی ہے۔

چوتھا مرحلہ

۱) تفتیشی افسر کو مقدمہ سے متعلق تمام شہادتیں جمع کرنا ہوتیں ہیں اس میں نامزد ملزمان سے پوچھ گچھ کرنا اور ان کو گرفتار کرنا، گواہوں کے بیانات لینا، موقع کا ملاحظہ کرنا، طبی قانونی رپورٹ، کیمیکل رپورٹ، فرانزک رپورٹ حاصل کرنا وغیرہ شامل ہیں۔

۲) اگر آپ کو محسوس ہو کہ تفتیشی افسر اپنا فرض پورا نہیں کر رہا تو آپ تفتیشی افسر کو تبدیل کرواسکتے ہیں تبدیلی تفتیش/ کاروائی کیلئے SSP (Investigation) کو درخواست دی جاسکتی ہے۔اور 8787 پر اس کی رپورٹ بھی کر سکتے ہیں۔

۳) تفتیشی افسر تفتیش مکمل کرنے کے بعد چالان مرتب کرتا ہے۔ یہ چالان عدالت میں جمع ہوتا ہے جس کی بنیاد پر عدالتی کاروائی شروع ہوتی ہے۔

پانچواں مرحلہ

۱) عدالتی کاروائی میں چالان داخل ہونے سے پہلے اور چالان ملزمان کی ضمانت کی دائری اور منسوخی شامل ہے۔ چالان داخل ہونے کے بعد عدالتی کاروائی کا باقاعدہ آغاز ہوتا ہے۔ متاثرہ خاتون کو ریاست کی طرف سے مفت قانونی مدد ملتی ہے اور سرکاری وکیل اس کا مقدمہ لڑتا ہے۔ متاثرہ خاتون کو چاہیے کہ وہ عدالت کے ساتھ مکمل تعاون کرے۔ خاتون اگر چاہے تو اپنا پرائیویٹ وکیل بھی کر سکتی ہے۔

راضی نامہ یا صلح نامہ

۱) قانون میں قابل راضی نامہ جرائم اور ناقابل راضی نامہ جرائم کی فہرست موجود ہے۔ صلح کرنے سے پہلے اس بات کا یقین کرلیں کہ آپ کسی ناقابل راضی نامہ جرم میں صلح تو نہیں کر رہے، جس کا نقصان ملک اور قوم دونوں کو پہنچتا ہے۔

dastak

www.dastak.org.pk

info@dastak.org.pk

Phone: 042-35294834-35, 0333-4169696

Helpline: 0333-4161610